نان-ایکیوٹ اور کمیونٹی سیٹنگس میں کاربیپینیمیز-پروڈیوسنگ انٹروبیکٹیریاسی پر قابو رکھنے کے لئے ٹول کٹ

مشاورتی کتابچہ**3**ضمیمہ :

گھر پر یا کمیونٹی میں نگہداشت حاصل کرنے والے ان افراد کے لئے صلاح و مشورہ جنہیں کاربیپینیمیز-پروڈیوسنگ انٹروبیکٹیریاسی (CPE) کا انفیکشن ہو یا ان میں اس کی آباد کاری پائی جاتی ہو۔

کیا ہیں؟ (CPE) 'کاربیپینیمیز-پروڈیوسنگ انٹروبیکٹیریاسی'

ہر نارمل، صحت مند انسان کی بڑی آنت میں جراثیم ہوتے ہیں جنہیں انٹروبیکٹیریاسی کہا جاتا ہے۔ جب وہ بڑی آنت میں ہوتے ہیں تو وہ کوئی نقصان نہیں پہنچاتے اور ہمارا کھانا ہضم کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ اسے نوآباد کاری کہا جاتا ہے۔ تاہم، اگر یہ جراثیم غلط جگہ، جیسے مثانہ یا دوران خون، میں پہنچ جائیں تو وہ انفیکشن کا سبب بن سکتے ہیں۔

ان انٹروبیکٹیریاسی کی ہی ایک نسل ہیں۔ انہوں نے کاربیپینیمز نامی جراثیم کش (CPE) کاربیپینیمیز-پروڈیوسنگ انٹروبیکٹیریاسی دواؤں کے ایک طاقتور گروپ کے تئیں دفاعی قوت پیدا کر لی ہے۔ کاربیپینیمز جراثیم کش دواؤں کا ایک ایسا اہم گروپ ہے جس پر ڈاکٹر انفیکشن سے لڑنے کے لئے اکثر اس وقت بھروسہ کرتے ہیں جب دیگر جراثیم کش دواؤں کے ذریعہ علاج ناکام ہو چکا ہو۔ یہ کے پھیلاؤ کو روکیں۔ یہ یقینی بنائے گا کہ یہ جراثیم کش دوائیں مستقبل میں انفیکشن کا علاج CPE اہم ہے کہ ہم اپنے اسپتالوں میں کرنے کے لئے برابر دستیاب رہیں

کاربیپینیم کی دفاعی قوت کیوں اہم ہے؟

کاربیپینیم جراثیم کش دوائیں صرف اسپتالوں میں براہ راست دوران خون کے اندر دی جا سکتی ہیں۔ اب تک، ڈاکٹروں نے کچھ مخصوص 'مشکل' انفیکشن کا کامیاب علاج کرنے کے لئے اس وقت ان پر بھروسہ کیا ہے جب دیگر جراثیم کش دوائیں ایسا کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ اس لئے، کسی اسپتال یا نگہداشت کی دیگر سیٹنگ میں، جہاں بہت سے ضرر پذیر مریض ہوں، ان دفاعی جراثیم کا پھیلاؤ پریشانیوں کا سبب بن سکتا ہے۔

کے کیریج کا علاج کئے جانے کی ضرورت ہے؟ CPE کیا

ہو ان کا علاج کئے جانے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ یہ جراثیم، CPE نہیں، عام طور پر نہیں۔ وہ لوگ جن کے جسم میں کی وجہ سے CPE پریشانیوں کا سبب بنے بغیر، بڑی آنت میں بے ضرر طریقہ سے رہتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ کو ایسا انفیکشن ہو جو ہوا ہو تو اس کا علاج کرنے کے لئے آپ کو جراثیم کش دواؤں کی ضرورت پڑے گی۔ اگر آپ کو معلوم نہ ہو تو برائے مہربانی اپنے ڈاکٹر یا نگہداشت کے کارکن سے اپنی صورت حال کے بارے میں مزید تفصیل کے ساتھ وضاحت کرنے کے لئے کہیں۔

کے پھیلاؤ کو کس طرح روکا جا سکتا ہے؟ CPE

سب سے اہم چیز جو آپ کر سکتے ہیں وہ اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے اچھی طرح دھونا ہے، خاص طور پر بیت الخلاء جانے کے بعد۔ آپ کو یقینی بنانا چاہئے کہ کوئی بھی طبی آلات یا ٹیوب (جیسے آپ کا پیشاب کا کیتھیٹر ٹیوب یا دیگر طبی ٹیوب یا لائنیں) چھونے سے پہلے آپ کے ہاتھ صاف ہوں، اگر آپ کو کوئی لگے ہوں، خاص طور پر اس جگہ جہاں یہ جسم یا جلد میں داخل کئے جاتے ہیں۔

چوں کہ آپ خود اپنے گھر میں نگہداشت حاصل کر رہے ہیں، اس لئے آپ کو کسی بھی طرح سے اپنی طرز زندگی محدود نہیں کرنی چاہئے؛ تاہم کچھ معقول احتیاطی تدابیر دوسروں تک پھیلاؤ کو روکیں گی۔ اسی طرح ہاتھ سے متعلق مؤثر حفظان صحت، بیت الخلاء اور غسل خانہ کی جگہوں کو صاف رکھنا، اور الگ تولیے استعمال کرنا پھیلاؤ کو روکنے کے سب سے بہتر طریقے ہیں۔ بستر کی چادریں، کپڑے اور دیگر لانڈری عام طریقہ سے دھوئی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ کو اسپتال یا صحت نگہداشت کے کسی دیگر ماحول میں داخل کئے جانے کو ضرورت ہو تو یہ اہم ہے کہ آپ اپنی نگہداشت کا انفیکشن ہے، یا آپ میں اس کی آباد کاری پائی جاتی ہے یا ماضی میں پائی جاتی رہی CPE کرنے والے عملہ کو بتائیں کہ آپ کو ہے۔ یہ یقینی بنائے گا کہ آپ کو وہ بہترین نگہداشت موصول ہو جس کی آپ کو ضرورت ہے۔

آپ کو توقع کرنی چاہئے کہ نگہداشت سے متعلق کوئی بھی کارکنان، جنہیں آپ کے پاس آنے کی ضرورت ہو، آنے کے وقت، براہ راست نگہداشت فراہم کرنے سے پہلے اور اس کے بعد، اور جانے کے وقت اپنے ہاتھ صاف کریں گے۔ نگہداشت سے متعلق کارکنان کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے جنہیں وہ آگے CPE قابل رد پیش بند اور دستانے پہنیں گے تاکہ ان دیگر ضرر پذیر مریضوں تک دیکھیں گے۔

میری فیملی اور ملاقاتیوں کے بارے میں کیا ہوگا؟

اگر حفظان صحت سے متعلق کافی حد تک احتیاطی تدابیر پائی جاتی ہیں تو آپ کو ملاقاتیوں کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ حامل ہیں یا آپ کو کوئی انفیکشن ہے۔ اگر آپ کو کوئی انفیکشن ہے تو یہ یقینی بنانے کے لئے اپنے صحت نگہداشت کے کارکن کے ساتھ کام کرنا اہم ہے کہ کسی زخم سے خارج ہونے والا کوئی بھی مادہ، مثال کے طور پر، کپڑوں یا نرم سامان کو آلودہ ہونے سے بچانے کے لئے، موزوں پٹی کے اندر ہی رہے۔ خاندان کے کسی نگہدار کو دستانے اور پیش بند پہننے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر کوئی رشتہ دار یا دوست گھر پر آپ کو نگہداشت فراہم کرنے میں مدد کر رہا ہے تو ضروری ہے کہ وہ آپ کو نگہداشت فراہم کرنے سے پہلے اور اس کے بعد صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھو لیں۔

مجھے مزید معلومات کہاں مل سکتی ہے؟

اگر آپ کو کوئی تشویش ہے یا آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے صحت نگہداشت کے کارکن سے بات کر سکتے ہیں یا صلاح کے لئے اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔ متبادل کے طور پر، مزید معلومات HPS لیفلیٹ پیشنٹ اسکریننگ لیفلیٹ فار ہیلتھ کیئر ورکرز اینڈ پیشنٹس میں مل سکتی ہیں - (CPE) فار کاربیپینیمز-پروڈیوسنگ انٹروبیکٹیریاسی
http://www.hps.scot.nhs.uk/guidelines/detail.aspx?id=1661

اگر آپ کو یہ کتابچہ کسی دیگر زبان میں مطلوب ہو تو برائے مہربانی اس پر HPS سے رابطہ کریں:
NSS.HPSInfectionControl@nhs.net